**This is a transcript of Joanna discussing vaccines including MMRV.(Urdu)**

ہیلو، میرا نام ڈاکٹر جوانا بیٹرٹن ہے۔ میں برسٹل میں 'ساؤتھ میڈ اینڈ ہینبری پریکٹس' میں بطور GP اپنی خدمات انجام دے رہی ہوں۔ مجھے بچوں کی صحت اور خاص طور پر بچوں کی ویکسینیشن میں خاص دلچسپی ہے۔ MMRV ویکسین ایک ایسا حفاظتی ٹیکہ ہے جو بچوں کو چار بیماریوں سے بچانے کے لیے دیا جاتا ہے۔ ان بیماریوں کے نام خسرہ، کنپیڑے (ممپس)، روبیلا اور ویریسیلا (چکن پاکس) ہیں۔

ویریسیلا ایک وائرس ہے جو چکن پاکس کا باعث بنتا ہے۔ ہمارے بہت سے والدین نے چکن پاکس کے بارے میں تو سنا ہو گا یا شاید ان کے بچوں کو یہ لاحق بھی ہوا ہو گا۔ یہ ایک ایسا وائرس ہے جو جسم پر دانے اور ایک طرح سے فلو جیسی علامات مثلاً بہتی ہوئی ناک، کھانسی اور بخار کا سبب بنتا ہے۔

چکن پاکس (ویریسیلا) کا شکار ہونے والے زیادہ تر بچوں میں بیماری ہلکی نوعیت کی ہوتی ہے اور عموماً خود بخود ہی ٹھیک ہو جاتی ہے، لیکن بعض صورتوں میں بچے شدید بیمار بھی ہو سکتے ہیں اور انہیں ہسپتال میں داخل کرنے کی ضرورت پیش آ سکتی ہے۔ ایسا نمونیا جیسی کسی پیچیدگی کی وجہ سے ہو سکتا ہے، جو پھیپھڑوں کا شدید انفیکشن ہے یا اینسفیلائٹس کی وجہ سے، جو دماغ کا انفیکشن ہے۔

اب، بطور صحت کے پیشہ ور ماہرین، ہم ایسے کیسز دیکھتے رہتے ہیں اور یہ کافی تشویش کا باعث ہو سکتے ہیں۔ یہی ایک بہت اہم وجہ ہے کہ ہم بچوں کو چکن پاکس سے تحفظ فراہم کرتے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ تمام والدین کو اپنے بچے کو MMRV ویکسین لگوانے پر ضرور غور کرنا چاہیے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ ویکسین ان بیماریوں سے تحفظ فراہم کرتی ہے، یہ نہ صرف آپ کے بچے کو بیماری میں مبتلا ہونے سے بچاتی ہے بلکہ ان سے پیدا ہونے والی ممکنہ پیچیدگیوں سے بھی محفوظ رکھتی ہے۔

اب جبکہ ہم جانتے ہیں کہ خسرہ، ممپس، روبیلا اور ویریسیلا، سب ہی ان پیچیدگیوں کا سبب بن سکتے ہیں اور ان میں سے بعض بیماریاں معذوری کا سبب سکتی ہیں، بلکہ بعض اوقات تو جان لیوا بھی ثابت ہو سکتی ہیں۔ اس لیے بچوں کو ان بیماریوں سے محفوظ رکھنا بے حد اہم ہے۔ ایک اور بات جس کا میں ہمیشہ ذکر کرتی ہوں، وہ یہ ہے کہ اس وقت برطانیہ میں خسرے کے کیسز میں اضافہ دیکھا جا رہا ہے۔ ماضی میں برطانیہ کو ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کی جانب سے خسرے کے خاتمے کا درجہ حاصل تھا، لیکن اب یہ درجہ واپس لے لیا گیا ہے، لہٰذا ہم ایک ملک کے طور پر خسرے کے کیسز میں دوبارہ اضافہ دیکھ رہے ہیں۔

خسرہ دماغ کے ایک شدید انفیکشن کا سبب بن سکتا ہے اور معذوری کا باعث بھی بن سکتا ہے۔ مزید یہ کہ خسرہ ہونے کے کئی سال بعد بھی یہ ایک طویل المدتی بیماری کی شکل اختیار کر سکتا ہے، جو ایک بتدریج بڑھنے والی اعصابی بیماری ہوتی ہے اور بہت سے لوگ اس کے بارے میں جانتے تک نہیں ہیں۔ اسی لیے لوگوں کو کم عمری میں ہی ان بیماریوں سے محفوظ رکھنا بہت اہم ہے۔

خواہ انہیں اس بیماری کی ایک ہلکی سی شکایت ہی کیوں نہ ہوئی ہو، پھر بھی انہیں زندگی میں بعد میں بیمار ہونے کا خطرہ موجود رہتا ہے۔ صحت کے شعبے سے وابستہ ایک پیشہ ور کے طور پر، والدین، دیکھ بھال کرنے والوں اور حاملہ ماؤں کے لیے میرا پیغام یہ ہو گا کہ براہ کرم، براہ کرم اپنے بچوں کو ویکسین لگوانے پر ضرور غور کریں۔ یہ انہیں ممکنہ طور پر سنگین بیماری سے بچانے میں مدد دے سکتا ہے اور درحقیقت ان کی جان بھی بچا سکتا ہے۔

طبی پیشہ وارانہ ماہرین کے طور پر، ہم ایسے بچوں کے بہت افسوسناک کیسز دیکھتے ہیں جنہیں ویکسین نہیں لگائی گئی ہوتی اور ہم کبھی بھی، کبھی بھی ایسا نہیں دیکھنا چاہتے جبکہ کسی بیماری سے بچنا بھی ممکن ہو۔

اس لیے براہ کرم ویکسین لگوانے پر غور کریں۔ بس ایک بات جو میں کہنا چاؤں گی وہ یہ ہے کہ ایک والد یا والدہ کے طور پر پریشان یا غیر یقینی محسوس کرنا بالکل نارمل ہے اور اگر آپ ایسا محسوس کرتے ہیں، تو براہ کرم بس تشریف لائیں اور کسی سے بات کریں۔

کسی بھی والدین کو اپنے فیصلے یا اپنی پریشانیوں کے بارے میں یہ محسوس نہیں ہونا چاہیے کہ ان پر کوئی تنقید کی جا رہی ہے اور آپ کو ہمیشہ کسی قابل اعتماد شخص سے بات کرنے میں آزاد محسوس کرنا چاہیے اور یہ شخص آپ کی ہیلتھ وزٹر، آپ کی پریکٹس نرس یا آپ کا GP بھی ہو سکتا ہے اور انٹرنیٹ پر بھی کچھ بہت اچھے وسائل موجود ہیں جیسے کہ NHS کی ویب سائٹ اور حکومت کی ویب سائٹ، لیکن اس کے علاوہ میں 'آکسفورڈ ویکسین نالج پروجیکٹ' کی بھی واقعی سفارش کروں گی، جسے آپ انٹرنیٹ پر آسانی سے تلاش کر سکتے ہیں۔

اس پر والدین کے لیے کچھ بہترین ویڈیوز اور معلوماتی مواد بھی موجود ہے۔ میں خود بھی ایک ماں بننے والی ہوں اور اس لیے میں والدین کے پہلو سے اس بات کو سمجھتی ہوں، نہ کہ صرف ایک طبی پیشہ ور ماہر کے طور پر کہ آپ اپنے بچے کے لیے خود تحقیق کرنا اور یہ فیصلے کرنا چاہیں گے اور یہ وہ چیز ہے جو میں نے خود بھی کی ہے۔

میں نے MMRV ویکسین کے بارے میں کافی وسیع تحقیق دیکھی ہے اور میں دیکھ سکتی ہوں کہ یہ آسٹریلیا اور امریکہ سمیت دیگر ممالک میں کئی سالوں سے استعمال ہو رہی ہے اور اس لیے اس کے محفوظ ہونے کے بارے میں وسیع ڈیٹا موجود ہے۔ اور اگرچہ ایک نئی اصطلاح سن کر آپ کو گھبراہٹ ہو سکتی ہے، لیکن یہ درحقیقت ایک ایسی ویکسین ہے جو کئی، کئی سالوں سے چل رہی ہے۔

اس لیے میں نے اور میرے شوہر نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ جب ہمارا بچہ پیدا ہو گا تو ہم اسے مناسب وقت پر، مکمل ویکسینیں لگوائیں گے۔ لیکن یہ نہ صرف اپنے بچے بلکہ اپنے خاندان کی حفاظت کے بارے میں بھی ہے اور ایک چیز جس نے مجھے واقعی بہت حوصلہ دیا وہ یہ ہے کہ میری بہن نے بھی اپنے جڑواں بچوں کو مکمل ویکسینیں لگوانے کا فیصلہ کیا ہے۔

میں اپنے خوبصورت بھانجی اور بھانجے کی خالہ بھی ہوں اور میرے لیے پیاری بات یہ ہے کہ جب وہ پہلی بار میرے نومولود بچے کو گود میں لیں گے، تو میں جانتی ہوں کہ اگرچہ میرا بچہ ابھی اتنا چھوٹا ہو سکتا ہے کہ اسے ابھی تک MMRV کی ویکسین نہیں لگی ہو گی، لیکن حقیقت یہ ہے کہ میری بہن نے جو فیصلہ کیا ہے وہ ہمارے بچے کی بھی حفاظت کرے گا۔